روزنامہ
حقیقت ٹائمس
مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# ہم کبھی بلیک میل کی سیاست نہیں کرتے حکومت مسائل کے حل کے لیے کوشاں: چندرا بابو



حیدرآباد 29 جون (یو این آئی) تلگودیشم پارٹی کے صدر و آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے کہا کہ ہمیں آئندہ پانچ سالوں میں کیا کرنا ہے، اس پر پہلے ہی مشورہ کیا گیا ہے۔ اچھی حکمرانی کے ساتھ ہم نے پہلا قدم بڑھایا ہے۔ ریاست کی از سر نو تعمیر ہمارا مقصد ہے۔ عوام کی خواہشات کو پورا کرنا ہماری ذمہ داری ہے، عوام کے درمیان رہ کر ان کی مشکلات کا حل نکالنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے انتخابات میں وعدے کے مطابق سب کو انصاف دیا ہے۔ فلاحی ریاست کی مثال ہماری پارٹی ہے۔ ہم نے اقتصادی اصلاحات کو اختیار کرتے ہوئے حکومت چلائی۔ عوام کے درمیان جا کر ہمارے کاموں کو بتانا ضروری ہے۔ چندرا بابو نائیڈو نے کہا کہ ہم کبھی بلیک میل سیاست نہیں کرتے۔ مرکزی حکومت ہماری کافی مدد کر رہی ہے، اگرچہ تمام مسائل حل نہیں ہوئے، لیکن ہم ان کے حل کے لیے کوشاں ہیں۔ خدمت، صنعت اور زراعت کے شعبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ ہم نے وعدے کے مطابق پنشن میں اضافہ کیا ہے، فصلوں کو مناسب قیمت دے کر کسانوں کو سہارا دے رہے ہیں۔ امراوتی کی تعمیر کے لیے 15,000 کروڑ روپے منظور کیے گئے اور وہاں کام شروع ہو چکے ہیں۔ پولاورم پروجیکٹ کے لیے مرکز نے 12,500 کروڑ روپے دیے ہیں، جسے اگلے ڈیڑھ سال میں مکمل کر کے 2027 تک قوم کے نام کیا جائے گا۔

انہون نے کہا کہ وائی ایس آر کانگریس کے دور حکومت میں ریاست تباہی کا شکار بنی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پچھلے پانچ برسوں کے دوران مرکزی حکومت کی اسکیموں کو نظر انداز کیا گیا۔ چندرا بابو نائیڈو نے منگل گری میں واقع تلگودیشم کے مرکزی دفتر میں منعقدہ پارٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کیا، جس میں وزراء، ارکان پارلیمنٹ، ارکان اسمبلی، قانون ساز کونسل کے ارکان اور حلقہ انچارجز نے حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی تقسیم کے وقت کئی مسائل پیش آئے لیکن اس کے باوجود ہم نے خود کو سنبھالا۔ وائی ایس آر کانگریس کی حکومت نے ریاست کو تباہی کی طرف لے گئی، لیکن ہم عوام سے وعدہ کیا کہ تباہی سے ترقی کی طرف ریاست کو لے جائیں گے اور عوام نے درست وقت پر درست فیصلہ کیا۔ ہم نے آئی ٹی انقلاب کو اپنایا ہے، واٹس ایپ گورننس کے ذریعہ تقریباً 500 خدمات آن لائن فراہم کی جا رہی ہیں، اور 15 اگست تک 703 خدمات آن لائن لانے کی تیاریاں مکمل کر رہے ہیں، جس سے بدعنوانی میں کمی آئے گی اور عوام کو بہتر سہولیات ملیں گی۔

# امرناتھ یاترا: تمام تر تیاریاں مکمل، یاتریوں کے لئے طبی ہدایات بھی جاری

سری نگر، 29 جون (یو این آئی) شری امرناتھ جی یاترا کے احسن اور کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے حکومت نے جہاں سیکورٹی سے لے کر سہولیات تک تمام تیاریوں کو حتمی شکل دی ہے وہیں یاتریوں کے لئے خصوصی طبی ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ امسال 38 دنوں کو محیط یاترا 3 جولائی سے شروع ہو کر 9 اگست کو رکشا بندھن کے موقع پر اختتام پذیر ہوگی۔ حکومت نے یاتریوں سے یاترا کے دوران مناسب مقدار میں پانی پینے کی تاکید کی ہے۔ یاتریوں سے کہا گیا ہے کہ اگر کسی یاتری کو سانس لینے میں تکلیف کا سامنا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ قریبی طبی سہولت سے رابطہ کرے اور اگر ممکن ہو تو کم اونچائی پر اترنے کی کوشش کریں۔ ان سے مزید کہا گیا ہے: اپنی صلاحیتوں سے زیادہ محنت کرنے سے گریز کریں اور راستے میں بار بار وقفے اور آرام کریں۔

دریں اثنا جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے گذشتہ روز سول سوسائٹی کی تنظیموں، مذہبی رہنماؤں، منتخب نمائندوں، تجارتی اور کاروباری برادری کے ساتھ میٹنگ کی۔ اس دوران شری امرناتھ جی یاترا کے انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مقدس یاترا کے ہموار انعقاد میں ان کی فعال شرکت اور ان کا تعاون طلب کیا۔

انہوں نے سالانہ امرناتھ یاترا کو "عوام کی یاترا" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ریاست کے ہر طبقے نے اس روحانی سفر کے پرامن اور کامیاب انعقاد کے لیے بھرپور تعاون کا وعدہ کیا ہے۔ جموں وکشمیر کے پولیس سربراہ نالین پربھات نے جموں میں شری امرناتھ جی یاترا کے پیش نظر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے تمام سیکورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی ممکنہ خطرے سے نمٹنے کے لیے فعال اور احتیاطی اقدامات کریں۔

مسٹر پربھات نے پرامن اور محفوظ یاترا کو یقینی بنانے کے لیے معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (ایس او پیز) پر سختی سے عمل پیرا ہونے اور فورسز کے درمیان مضبوط ہم آہنگی پر زور دیا۔ میٹنگ کے دوران ایس ایس پی جموں کی طرف سے پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعے ضلع بھر میں سیکورٹی انتظامات کی تفصیلی بریفنگ پیش کی گئی جس میں چہرے کی شناخت کے نظام (ایف آر ایس)، اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی، اور قیام کے مراکز، رجسٹریشن پوائنٹس، اور ٹوکن کاؤنٹرز پر بہتر نگرانی شامل ہیں۔

صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار نے شرکا کو بتایا کہ یاتریوں کی رہائش کے لیے جموں خطے میں 106 قیام گاہیں قائم کی گئی ہیں۔ انہوں نے سیکورٹی اور سول ایجنسیوں کے درمیان ہم آہنگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

ایس ایس پی گاندربل خلیل احمد پوسوال نے اس بات کی تصدیق کی کہ فوج، سی آر پی ایف، بی ایس ایف، آئی ٹی بی پی، اور دیگر ایجنسیوں کے ساتھ مل کر ایک جامع کثیر سطحی سیکورٹی سیٹ اپ نافذ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالتال کے محور پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، جو یاترا کا ایک اہم راستہ ہے۔ ایس ایس پی پوسوال نے کہ اسٹریٹجک تعیناتیاں، موبائل پٹرولنگ یونٹس، اور ریئل ٹائم نگرانی کے نظام موجود ہیں۔ انہوں نے کہا؛ ہمارا مقصد یاتریوں کو ایک محفوظ اور آسان تجربہ فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے یاتریوں پر زور دیا کہ وہ ہدایات پر عمل کریں اور اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں۔

قابل ذکر ہے کہ شری امرناتھ جی یاتریو کا پہلا قافلہ 2 جولائی کو جموں سے کشمیر کے لئے روانہ ہوگا اور لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اس پہلے قافلے کو روانہ کریں گے۔

# کشمیر پھر سے سیاحوں کی پسندیدہ جگہ، مغل باغات میں گہما گہمی



سری نگر، 29 جون (یو این آئی) کشمیر کے مشہور مغل باغات ایک بار پھر سیاحوں سے آباد ہو گئے ہیں، جہاں مقامی و بیرون ریاست سے آنے والے ہزاروں سیلانی قدرتی حسن سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ سری نگر کے نشاط، شالیمار، چشمہ شاہی اور پری محل جیسے تاریخی سیاحتی مقامات پر غیر معمولی رش دیکھنے کو ملا ہے، جس سے وادی میں سیاحتی شعبے سے وابستہ افراد میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مہاراشٹر سے آئی خاتون سیاح متالی دیوی نے یو این آئی کو بتایا 'یہاں آکر دل کو سکون ملا۔ کشمیر واقعی جنت کا ایک ٹکڑا ہے۔ ملک کے ہر شہری کو زندگی میں ایک بار ضرور یہاں آنا چاہیے۔'

اسی طرح گجرات کے سیاح رنجیت سنگھ نے چشمہ شاہی میں اپنی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا: 'ہم نے پہلگام حملے کی خبر کے بعد کچھ ہچکچاہٹ محسوس کی تھی، لیکن یہاں آکر محسوس ہوا کہ حالات مکمل طور پر نارمل ہیں۔ لوگ مہمان نوازی میں بے مثال ہیں۔' حکام کے مطابق، وادی کے تمام اہم سیاحتی مقامات پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔ سری نگر کے مغل باغات، ہارون اور دیگر مقامات پر اضافی سیکورٹی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں تاکہ سیاح بلا خوف وخطر سیر وتفریح کر سکیں۔

سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ جنوبی کشمیر کے پہلگام، ویری ناگ اور کوکرناگ جیسے حساس علاقوں میں بھی غیر معمولی سیکورٹی انتظامات نافذ کئے گئے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ پچھلے ایک ہفتے کے دوران وادی کے سیاحتی مراکز پر سیلانیوں کی آمد میں تیزی آئی ہے اور امید ہے کہ آنے والے دنوں میں اس میں مزید اضافہ ہوگا۔ ہوٹل مالکان، شکارہ چلانے والے، گائیڈز اور دستکاروں کا کہنا ہے کہ گزشتہ ہفتے سے سیاحوں کی آمد میں قابلِ ذکر اضافہ ہوا ہے۔ ایک ہوٹل مالک کے مطابق، 'پہلگام واقعے کے بعد کچھ وقت کے لیے بکنگ منسوخ ہو گئی تھی، مگر اب پھر سے سب کچھ نارمل ہو رہا ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ آنے والے دنوں میں سیاحوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہوگا۔' انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران ہوٹلوں میں بکنگ کی شرح میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے، جو یقیناً خوش آئند بات ہے۔ حکومت کی جانب سے مسلسل رابطہ کاری اور سہولت کاری نے بڑا کردار ادا کیا ہے۔

واضح رہے کہ حکومت جموں وکشمیر نے حالیہ دنوں میں کئی ترقیاتی منصوبے بھی شروع کیے ہیں، جن میں نئے سیاحتی مقامات کی ترقی، روڈ نیٹ ورک کی بہتری اور ای ٹورزم پورٹل کی فعالیت شامل ہے۔ سیاحتی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر موجودہ رجحان برقرار رہا تو رواں سال کشمیر ایک بار پھر سیاحت کے میدان میں نئے ریکارڈ قائم کر سکتا ہے، جس سے مقامی معیشت کو زبردست فروغ ملے گا۔ یاد رہے کہ حالیہ پہلگام حملے کے بعد وادی کے سیاحتی شعبے کو وقتی طور پر دھچکا لگا تھا، تاہم اب حکام اور مقامی لوگوں کی مشترکہ کوششوں سے حالات بہتری کی جانب گامزن ہے۔

## تلنگانہ بی جے پی کے صدر کے عہدہ کی دوڑ میں شامل ہوں: راجہ سنگھ

حیدرآباد 29 جون (یو این آئی) تلنگانہ بی جے پی کے رکن اسمبلی راجہ سنگھ نے کہا کہ وہ بی جے پی کے ریاستی صدر کے عہدہ کی دوڑ میں شامل ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ صدر کا عہدہ مانگتے ہیں، دینا ہے یا نہیں دینا، وہ پارٹی کی مرضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ 1995 سے ہندو واہنی میں ایک کارکن کے طور پر کام کر رہے ہیں، انہوں نے 1995 سے 2009 تک ہندو واہنی میں فزیکل چیف کے طور پر خدمات انجام دی ہیں۔ 2009 میں انہوں نے میونسپل کارپوریشن ٹکٹ کے لیے بی جے پی سے مانگا لیکن نہ ملنے پر ٹی ڈی پی سے ٹکٹ لے کر کامیابی حاصل کی۔ راجہ سنگھ نے بتایا کہ وہ 2014 میں گوشہ محل اسمبلی حلقہ سے بی جے پی میں شامل ہوئے اور پہلی بار ایم ایل اے منتخب ہوئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دھرم سیوا کے دوران وہ 1998، 2010، اور 2012 میں جیل گئے اور ایم ایل اے بننے کے بعد بھی 77 دنوں تک جیل میں رہے۔

# بلڈوزر کارروائی کے خلاف عآپ کا مظاہرہ، کیجریوال نے جھگیاں توڑنے پر مودی اور بی جے پی حکومت کو بنایا نشانہ





نئی دہلی: عام آدمی پارٹی نے اتوار کو دہلی میں جھگیوں کے خلاف چل رہی بلڈوزر کارروائی کے خلاف جنتر منتر پر مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے تمام بڑے رہنما اروند کیجریوال، منیش سسودیا، سوربھ بھاردواج، سنجے سنگھ شامل ہوئے۔ اس دوران اروند کیجریوال نے بی جے پی حکومت کو جم کر اپنی تنقید کا نشانہ بنایا۔ اروند کیجریوال نے کہا، ''بی جے پی کی حکومت نے جھگیاں توڑ کر لوگوں کی زندگی برباد کر دی، جو جھگی میں رہتے ہیں، وہ آس پاس ہی نوکری کرتے ہیں، لیکن جھگی ٹوٹنے سے روزگار روزگار چلا جاتا ہے۔ انہوں نے ایک طرح سے آپ کو کھولتے ہوئے تیل میں ڈال دیا ہے۔'' کیجریوال نے آگے کہا، ''انتخاب کے وقت وزیر اعظم مودی نے کہا تھا کہ جہاں جھگی، وہاں مکان... لیکن اس کا مطلب یہ تھا کہ وہاں جھگی، وہاں میدان... مودی کی گارنٹی فرضی نکلی ہے۔ مودی کی گارنٹی جھوٹی ہے۔ انتخاب سے پہلے ان کے رہنما آپ کے گھروں میں آکر سوتے تھے۔ میں نے کہا تھا کہ ان کے رہنما آپ کی جھگی دیکھنے کے لیے آ رہے ہیں۔'' کیجریوال نے سوال کیا کہ اگر سارے غریبوں کی جھگیاں توڑ دی اور انہیں بھگا دیا تو آپ کا کام کیسے چلے گا۔ کھانا بنانے سے لے کر ڈرائیور، سیکورٹی گارڈ، آٹو ڈرائیور، اخبار والا اور دودھ والا تک جھگی سے آتے ہیں۔ کیجریوال نے کہا کہ بی جے پی والوں کا منصوبہ سبھی جھگیوں کو توڑنے کا ہے۔ دہلی میں 40 لاکھ لوگ جھگیوں میں رہتے ہیں، سبھی لوگ یکجا ہو جاؤ، جس دن آپ سڑک پر آ گئے تو ان کی مشکلیں بڑھ جائیں گی۔ کیجریوال نے کہا کہ بی جے پی کے 5 سال کے بعد دہلی 50 سال پیچھے چلی جائے گی۔ یہ پارٹی صرف امیروں کے لیے کام کرتی ہے جبکہ عام آدمی پارٹی غریبوں کی پارٹی ہے اور اپنے 10 سال کی مدت کار میں ہم نے دہلی کے اسکول ٹھیک کیے، محلہ کلینک بنائے، بجلی سستی کی۔ اس موقع پر عآپ رہنما سوربھ بھاردواج نے کہا کہ وزیر اعظم مودی سمیت بی جے پی کے تمام بڑے رہنماؤں نے غریب جھگی والوں سے وعدہ کیا تھا کہ جہاں جھگی ہے، وہاں مکان بنا کر دیں گے۔ حکومت بننے کے چند دنوں بعد ہی ان غریبوں کی جھگیاں اجاڑنا شروع کر دیا ہے۔ اب تک تقریباً 10 ہزار جھگیاں توڑی جا چکی ہیں۔ ایک لاکھ سے زیادہ غریب جھگی والے بے گھر ہو چکے ہیں۔ بی جے پی حکومت نے ان کے پاس رہنے کا کوئی ٹھکانہ نہیں چھوڑا ہے۔

# یوگا کی عظمت لوگوں کو متاثر کرے گی: مودی




نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگا کو بااختیار بنانے کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سال کی یوگا کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کے شاندار انعقاد سے لوگوں کو یوگا کو اپنانے کی ترغیب ملے گی۔ اتوار کو آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام 'من کی بات' کے 123 ویں ایپی سوڈ میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ اس بار بھی 21 جون کو 'یوگا کا بین الاقوامی دن' میں ملک اور دنیا کے کروڑوں لوگوں نے شرکت کی۔ یہ 10 سال پہلے شروع ہوا تھا اور ہر سال پورے جوش وخروش سے منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ پوری دنیا میں یوگا کے تئیں لوگوں کی دلچسپی بڑھ رہی ہے اور لوگ یوگا کو اپنی روزمرہ کی زندگی میں شامل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کے یوگا کے بین الاقوامی دن کا مرکزی موضوع 'ایک کرہ ارض - ایک صحت' کے لئے تھا۔ یہ وسودھیو کٹمبکم کا احساس دلاتا ہے۔ مسٹر مودی نے کہا 'مجھے یقین ہے کہ اس سال کے یوگا ڈے کی شان یقیناً زیادہ سے زیادہ لوگوں کو یوگا کو اپنانے کی ترغیب دے گی۔'' یوگا سیشن کے انعقاد کی عظمت کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ وشاکھاپٹنم کے ساحل پر تین لاکھ لوگوں نے ایک ساتھ یوگا کیا۔ وشاکھاپٹنم میں ہی دو ہزار سے زیادہ قبائلی طلباء نے 108 منٹ تک 108 سوریہ نمسکار ادا کئے۔ یہ ڈسپلن اور لگن کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا 'ہمارے بحری جہازوں پر بھی یوگا کی شاندار جھلک دیکھی گئی۔ تلنگانہ میں تین ہزار دویانگوں نے ایک ساتھ یوگا کیمپ میں حصہ لیا۔ انہوں نے دکھایا کہ کس طرح یوگا بااختیار بنانے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ دہلی کے لوگوں نے یوگا کو سووچھ جمنا کے عزم سے جوڑا اور یمنا کنارے جا کر یوگا کیا۔ جموں وکشمیر میں لوگوں نے دنیا کے بلند ترین ریلوے پل چناب پل پر یوگا کیا۔ انڈو-تبت بارڈر پولیس کے جوانوں نے ہمالیہ کی برفیلی چوٹیوں پر یوگا کیا۔ وڈنگر، گجرات میں، 2121 لوگوں نے مل کر بھوجنگا آسن کیا اور ایک نیا ریکارڈ بنایا۔ نیویارک، لندن، ٹوکیو، پیرس، دنیا کے ہر بڑے شہر سے یوگا کا اہتمام کیا گیا۔ یوگا کی ہر تصویر میں امن، استحکام اور توازن نظر آتا تھا۔

# افواہیں پھیلا کر ایک ماہ میں تلنگانہ حکومت گرنے اپوزیشن کا دعوی، حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی سازش: وزیر پونم پربھاکر



حیدرآباد 29 جون (یو این آئی) تلنگانہ کے وزیر پونم پربھاکر نے اپوزیشن پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کی عوامی حکومت گزشتہ 10 برسوں کی آمرانہ حکومت کا خاتمہ کر کے عوام کے آشیرواد سے قائم ہوئی ہے لیکن بعض اپوزیشن لیڈران حکومت کے خلاف افواہیں پھیلاتے ہوئے اسے ایک ماہ میں گرنے والی حکومت قرار دے کر غیر مستحکم کرنے کی سازش کر رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت کے ملازمین عوامی خدمت میں مصروف ہے مگر اپوزیشن جان بوجھ کر انہیں اکسانے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ 75 سالہ این جی او تاریخ رکھنے والے ملازمین کے لیے پچھلی حکومت کچھ کر نہ سکی، مگر موجودہ حکومت مالی بحران کے باوجود وعدوں کو عملی جامہ پہنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا "ہم اور آپ الگ نہیں۔ ہم جو فیصلے لیتے ہیں، آپ انہیں نافذ کرتے ہیں۔ آپ کی تجاویز کو ہم عملی شکل دے رہے ہیں۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دیتی ہے اور ریاست کو قرضوں کے بوجھ تلے دبانے والی پچھلی حکومت کی آمرانہ حکمرانی سے عوام واقف ہیں۔ انہوں نے اپوزیشن کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا آپ اپوزیشن کی ذمہ داری چھوڑ کر اپنی ہی ریاست کے خلاف دشمن ملک جیسا برتاؤ کر رہے ہیں۔ پڑوسی ریاست سے اگر مسئلہ آتا ہے تو سب متحد ہو جاتے ہیں، مگر آپ مرکز کی گلیوں میں دوستی کرتے ہوئے تلنگانہ کے مفادات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ مرکزی حکومت پر طنز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ تلنگانہ کے مفاد کے لیے ساتھ نہ آنے کے باوجود دہلی کی دوستی گلی میں کشتی لڑنے جیسا رویہ اپنا رہی ہے۔

# پنجاب: عآپ نے ایم ایل اے کنور وجے پرتاپ کو پارٹی سے معطل کیا، ڈرگس مخالف مہم میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام




امرتسر: عام آدمی پارٹی نے امرتسر شمالی سے ایم ایل اے اور سابق آئی پی ایس آفیسر کنور وجے پرتاپ سنگھ کو 5 سال کے لیے پارٹی سے معطل کر دیا ہے۔ اطلاع کے مطابق پارٹی کی سیاسی معاملوں کی کمیٹی نے کنور وجے پرتاپ کی پارٹی مخالف سرگرمیوں اور پنجاب حکومت کی ڈرگس کے خلاف مہم میں رکاوٹ ڈالنے کے الزام میں یہ قدم اٹھایا ہے۔ عام آدمی پارٹی سے معطل ہونے کے بعد کنور وجے پرتاپ سنگھ نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ شیئر کیا ہے۔ اس پوسٹ میں انہوں نے لکھا ہے، ''کبیر جیسو مرنے تے جاگو ڈرے میرے مانی آنندو''۔ کنور وجے پرتاپ سنگھ کوٹک پورہ اور بہبل کلاں معاملے کی جانچ کرنے والی ایس آئی ٹی کے سربراہ رہ چکے ہیں۔ آئی جی کنور وجے پرتاپ سنگھ اپنے استعفیٰ پر قائم ہیں۔ حال ہی میں کنور وجے پرتاپ نے شیرومانی اکالی دل کے سینئر رہنما وکرم سنگھ مجیٹھیا کے خلاف محکمہ نگرانی کی کارروائی اور ان کی گرفتار پر سوال اٹھائے تھے۔ کنور وجے نے اپنے فیس بک پر اس سلسلے میں لکھا تھا، ''چاہے وہ رہنما ہو، اداکار ہو، امیر ہو یا غریب، دوست ہو یا دشمن۔ صبح صبح کسی کے گھر پر چھاپہ مارنا اخلاقی اصول کے خلاف ہے۔ تقریباً سبھی حکومتوں نے اپنے فائدے کے لیے پولیس اور ویجی لینس ایجنسیوں کا غلط استعمال کیا ہے، لیکن اس کا نتیجہ کبھی خاص نہیں رہا ہے۔'' انہوں نے عوامی منچ پر بھی مجیٹھیا کی اہلیہ کے ساتھ ویجی لینس ٹیم کی بحث کا ویڈیو شیئر کرتے ہوئے حکومت کی کارروائی کو نامناسب بتایا تھا۔

# اے پی میں ماں کو سلام اسکیم۔ کئی افراد بینک یا ڈاک خانہ کے کھاتوں سے متعلق مسائل کے باعث پریشان

حیدرآباد 29 جون (یو این آئی) اے پی میں ماں کو سلام (تلی کو وندنم) اسکیم کے استفادہ کنندگان میں سے کئی افراد بینک یا ڈاک خانہ کے کھاتوں سے متعلق مسائل کے باعث پریشان ہیں۔ حکومت کی جانب سے رقم منتقل کی گئی ہے، لیکن اکاؤنٹ میں جمع ہوئی ہے یا نہیں، اس کی اطلاع نہ ہونے کے سبب یہ افراد دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں۔ ایسے افراد کی سہولت کے لیے محکمہ ڈاک نے ایک خصوصی مہم کا آغاز کیا ہے جس کے تحت انڈیا پوسٹ پیمنٹس بینک کے کھاتے کھولے جا رہے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں مرکزی ڈاک خانوں کے پاس عوام کا ہجوم بڑھ گیا ہے۔ یہ کھاتے صرف سرکاری اسکیموں کے لیے ہی نہیں بلکہ بچت، ڈپازٹ اور دیگر ڈیجیٹل لین دین کے لیے بھی کارآمد ثابت ہو رہے ہیں۔ صرف آدھار نمبر، فون نمبر فراہم کر کے، بایومیٹرک تصدیق کروانے اور 200 روپے جمع کروانے پر صرف دو منٹ میں کھاتہ سرگرم کیا جا رہا ہے۔ کھاتے داروں کو ایک پاس بک دی جا رہی ہے جو اے ٹی ایم کارڈ کی طرح کام کرتی ہے، اور اس کے ذریعہ نقد لین دین ممکن ہو رہا ہے۔

## سرحدی علاقے سے ملی پاکستانی لڑکے اور لڑکی کی لاشیں

جیسلمیر، 29 جون (یو این آئی) راجستھان میں جیسلمیر کے تنوٹ-لونگے والا شاہراہ پر سرحدی علاقے سے دو پاکستانی شہریوں کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس ذرائع نے اتوار کو بتایا کہ ہفتہ کی صبح سادے والا سرحدی علاقے میں ہندوستان-پاکستان سرحد کے تقریباً 12 کلومیٹر اندر ہندوستانی علاقے میں ایک نوجوان اور ایک لڑکی کی لاشیں ملنے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور بارڈر سیکورٹی فورس (بی ایس ایف) موقع پر پہنچ گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ دونوں پاکستانی شہری ہیں۔

# حکومت کی فلاحی اسکیموں کا فائدہ آخری فرد تک پہنچایا گیا: بھوپیندر یادو

الور، 29 جون (یو این آئی) ماحولیات اور جنگلات کے مرکزی وزیر اور الور سے رکن پارلیمنٹ بھوپیندر یادو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی رہنمائی اور وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما کی قیادت میں الور پارلیمانی حلقہ میں ڈبل انجن والی حکومت کے ایک سال کے دوران تاریخی ترقیاتی کام ہوئے اور حکومت کی عوامی فلاحی اسکیموں کا فائدہ بھی سماج کے آخری فرد تک پہنچایا گیا۔ مسٹر یادو اتوار کو الور میں ایک ورش الور ایم پی سمپرک سمواد کے تحت الور ایم پی کے طور پر ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ ڈائیلاگ پروگرام میں بول رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے الور پارلیمانی حلقہ میں ایک سال میں کئے گئے ترقیاتی کاموں کی کتابا ایک ورش الور ایم پی سمپرک سمواد کا اجراء کیا اور بین الاقوامی سطح کے الور ٹائیگر میراتھن 2025 کی ویب سائٹ لانچ کی۔ اس سے قبل پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی کے 'من کی بات' پروگرام کو ریاستی وزیر جنگلات سنجے شرما سمیت عوامی نمائندوں اور دانشوروں نے سنا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر یادو نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں نے پانی کے مسئلہ سے پارلیمانی حلقہ کے لوگوں کو راحت فراہم کرنے کے لیے اہم نظر ثانی شدہ پاروتی - کالیسندھ - چمبل لنک پروجیکٹ (انٹیگریٹڈ پی کے سی، ای آر پی سی) کو عملی جامہ پہنایا گیا ہے۔ اس سے پارلیمانی حلقے کی تقریباً 15 لاکھ کی آبادی کو پانی ملے گا۔ انٹیگریٹڈ پی کے سی، ای آر سی پی پروجیکٹ کے تحت الور ضلع میں اسارادا ڈیم سے جیسمند ڈیم تک 115 کلومیٹر طویل پانی کی فراہمی کا نظام تیار کیا جائے گا۔

# مودی نے یوگا ڈے سے لے کر لوکل فار ووکل مہم تک ہر چیز پر بات کی: راٹھور

جے پور، 29 جون (یو این آئی) راجستھان بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ریاستی صدر مدن راٹھور نے کہا کہ اتوار کو وزیر اعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام میں یوگا ڈے، ایمرجنسی، صحت کے شعبے میں کامیابیوں سے لے کر لوکل فار ووکل مہم تک ہر چیز پر بات کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا 123 واں "من کی بات" پروگرام اتوار کو بی جے پی کے ریاستی دفتر میں سنا گیا۔ من کی بات پروگرام میں بی جے پی کے ریاستی صدر مدن راٹھور کے ساتھ ریاستی نائب صدر نہر سنگھ جودھا، وزیر واسودیو چوانہ، اسٹیفی چوہان، سابق ایم ایل اے دھرمیندر موچی، ریاستی دفتر انچارج مکیش پاریک، شریک انچارج رجنیش چنانا، ریاستی ترجمان نریندر کٹارا، اپوروا سنگھ سمیت کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔ مسٹر راٹھور نے کہا کہ من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی نے یوم یوگا کی کامیابیوں، تیرتھ یاتریوں کی خدمت، صحت اور سماجی تحفظ، ایمرجنسی، آئین، حساس یادگار، بوڈولینڈ میں فٹ بال کا جوش، آتم نربھر ہندوستان، خواتین کی قیادت اور مقامی مصنوعات، ماحولیاتی تحفظ کے لیے متاثر کن مہمات، خلا میں ہندوستان کی ترقی وغیرہ پر تفصیل سے بات کی۔

# ریاستی حکومت تمام طبقات کے لیے لگن سے کام کر رہی ہے - کماوت

پالی، 29 جون (یو این آئی) راجستھان کے کابینی وزیر برائے مویشی، گائے پالن، ڈیری اور دیوستھان محکمہ جورارام کماوت نے کہا کہ ریاستی حکومت تمام طبقات، نوجوانوں، خواتین، کسانوں اور غریبوں کی بہتری کے لیے لگن اور وقف ہو کر کام کر رہی ہے۔ راجستھان کے پالی ضلع کے گاؤں پنچایت ساندیراو میں اتوار کو پنڈت دین دیال اپادھیائے انتیودیا سنبل پکھواڑا کے تحت منعقدہ کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر کماوت نے کہا کہ پنڈت دین دیال اپادھیائے انتیودیا سنبل پکھواڑا 9 جولائی تک منعقد کیا جائے گا، جس میں مقصد کے حصول کے لیے محروموں کو ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی حکومت کی گڈ گورننس اور اخلاقیات کا سب سے بڑا پیمانہ یہ ہوتا ہے کہ وہ سب سے پسماندہ شخص کو قومی دھارے میں لانے کے لیے کیا کر رہی ہے۔ مسٹر کماوت نے کہا کہ راجستھان حکومت نے پچھلے ڈیڑھ سال میں اس سمت میں بہت سے معیارات مرتب کیے ہیں اور اس کی تازہ ترین کڑی پنڈت دین دیال اپادھیائے انتودیا سنبل پکھواڑا ہے۔ انہوں نے کہا، 'حکومت کا مقصد یہ ہے کہ کوئی بھی شخص اپنی نااہلی یا وسائل کی کمی کی وجہ سے پیچھے نہ رہ جائے۔ پنڈت دین دیال اپادھیائے جی کے انتیودیا کے اصول پر عمل کرتے ہوئے، ہم اسکیموں کا فائدہ آخری شخص تک پہنچانے کے لیے پابند عہد ہیں۔" انہوں نے کہا کہ پکھواڑہ کے تحت لگائے گئے کیمپوں میں زیادہ سے زیادہ وسیع سرگرمیاں کر کے عام لوگوں کو فلاح عامہ کی اسکیموں کا فائدہ پہنچایا جا رہا ہے۔ اس پکھواڑہ کے تحت اس کیمپ میں مستحقین میں لیز، نیوٹریشن کٹس، شادی کے رجسٹریشن فارم تقسیم کیے گئے۔

# اکھلیش کے بیان پر بی جے پی کا جواب، ایس پی کے دور حکومت میں خوفزدہ تھا تاجر طبقہ

لکھنؤ، 29 جون (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) حکومت نے سماج وادی پارٹی (ایس پی) کے صدر اکھلیش یادو کے کاروباری طبقے سے متعلق بیان پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایس پی صدر کو بے بنیاد الزامات لگانے سے پہلے اپنے اندر جھانکنا چاہیے تھا۔ ریاستی وزیر خزانہ سریش کھنہ نے کہا کہ ایس پی کے دور حکومت میں کاروباری طبقہ سب سے زیادہ غیر محفوظ اور خوفزدہ تھا، جب کہ ڈبل انجن والی حکومت نے ریاست کو مافیا سے پاک اور کاروبار دوست بنا دیا ہے۔ کھنہ نے یوگی حکومت کی پالیسیوں کو شفاف اور ترقی پر مبنی قرار دیتے ہوئے ایس پی حکمرانی کو جبری وصولی اور غنڈہ گردی کا دور قرار دیا۔ ایم ایل اے نیرج بورا نے بھی ایس پی کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یوگی حکومت نے وصولی بھائیوں کو ان کے انجام تک پہنچایا ہے۔ مسٹر کھنہ نے کہا کہ اکھلیش یادو آج جس کاروباری طبقے کی بات کر رہے ہیں، وہی طبقہ 2012 سے 2017 کے درمیان ایس پی کے دور حکومت میں سب سے زیادہ غیر محفوظ اور خوف زدہ تھا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ اس وقت بھتہ خوری، غنڈہ گردی اور کمیشن لینا سماجوادی نظام کی ریڑھ کی ہڈی تھے۔ ایس پی حکومت نے "ایک ضلع، ایک وصولی بھائی" کا ماڈل چلایا، جس کا مقصد تاجروں سے پیسے بٹور کر ایس پی لیڈروں کی تجوریاں بھرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ڈبل انجن والی حکومت میں تاجر طبقہ ایم ایس ایم ای پالیسی، او ڈی او پی اسکیم، انٹرنیشنل ٹریڈ شو اور صنعت دوست جیسی شفاف پالیسیوں کا فائدہ اٹھا کر ریاست کی ترقی میں حصہ لے رہا ہے۔ آج، ریاست میں ایم ایس ایم ای یونٹوں میں 2 کروڑ سے زیادہ لوگ کام کر رہے ہیں، اور اتر پردیش ملک کی ایم ایس ایم برآمدات میں 14 فیصد حصہ کے ساتھ سرفہرست ہے۔ وزیر خزانہ نے ایس پی پر آئین ہتیہ دیوس پر خاموشی برقرار رکھنے کا الزام لگایا اور کہا کہ اکھلیش کو ایمرجنسی کے بارے میں بولنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس پی کے دور میں بھتہ خوری اور غنڈہ گردی کرنے والوں پر ڈبل انجن والی حکومت نے ایمرجنسی لگائی جس کی وجہ سے سماجوادیوں کا خزانہ خالی ہو گیا۔ آج مافیا سے پاک یوپی میں کوئی بھی غنڈہ ٹیکس یا تاجر سے وصولی کی ہمت نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش میں پچھلے آٹھ برسوں میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ہے۔ ملک میں ڈیزل اور پیٹرول کے نرخ سب سے کم ہیں، اس کے باوجود ریاست ریونیو سرپلس ریاست بن کر خوشحالی کی طرف بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے اکھلیش کے "کمیشن متر" والے بیان کو ان لاکھوں ایماندار نوجوانوں کی توہین قرار دیا جو بینک متر کے ذریعے خود انحصار ہوئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پچھلے آٹھ سالوں میں یوپی کو 45 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی تجاویز موصول ہوئی ہیں، جن میں سے 15 لاکھ کروڑ روپے کی تجاویز کو زمین پر اتارا گیا ہے۔ اس سے لاکھوں نوجوانوں کو ملازمت اور روزگار ملا ہے۔ نویش متر پورٹل کے ذریعہ 43 محکموں کی 487 سے زیادہ آن لائن خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، اور 5.12 لاکھ سے زیادہ منظوریاں ڈیجیٹل طور پر جاری ہوئی ہیں۔

# ملیکارجن کھرگے کا 4 جولائی کو دورہ حیدرآباد: مہیش کمار گوڑ

حیدرآباد 29 جون (یو این آئی) صدر تلنگانہ کانگریس مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ 4 جولائی کو اے آئی سی سی صدر ملیکارجن کھرگے حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ ریاستی دارالحکومت کے اپنے دورہ کے موقع پر وہ لال بہادر اسٹیڈیم میں تلنگانہ کانگریس کے دیہی سطح کے صدور کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔ گاندھی بھون میں منعقدہ حیدرآباد کانگریس کے لیڈروں کے جائزہ اجلاس کے موقع پر مہیش کمار گوڑ نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ 'جے باپو، جے بھیم، جے سمودھان' پروگرام کے تحت تلنگانہ دیہی سطح کے کانگریس صدور کا اجلاس منعقد کیا جا رہا ہے۔ تلنگانہ میں 'جے سمودھان' پروگرام کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ دستور کے تحفظ کے لئے یہ پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست بھر کے تمام حلقہ جاتِ اسمبلی کے اہم لیڈران اجلاس میں شریک ہو کر اس پروگرام کو کامیاب بنائیں۔

